# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON LAW AND JUSTICE ON THE LEGAL PRACTITIONERS AND BAR COUNCILS (AMENDMENT) BILL, 2021

I, Chairman of the Standing Committee on Law and Justice, have the honuor to present this report on the Bill further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973, (Act No. XXXV of 1973) [The Legal Practitioners and Bar Councils (Amendment) Bill, 2021] (Private Member's Bill) referred to the Committee on 26th January, 2021.

2. The Committee comprises the following: -

| | | |
|---|---|---|
| **1.** | **Mr. Riaz Fatyana** | **Chairman** |
| **2.** | Mr. Atta Ullah | Member |
| **3.** | Mr. Lal Chand | Member |
| **4.** | Mr. Muhammad Farooq Azam Malik | Member |
| **5.** | Ms. Kishwer Zehra | Member |
| **6.** | Ms. Maleeka Ali Bokhari | Member |
| **7.** | Mr. Muhammad Sana Ullah Khan Masti Khel | Member |
| **8.** | Malik Muhammad Ehsan Ullah Tiwana | Member |
| **9.** | Agha Hassan Baloch | Member |
| **10.** | Mr. Junaid Akbar | Member |
| **11.** | Ms. Shunila Ruth | Member |
| **12.** | Mr. Mohsin Nawaz Ranjha | Member |
| **13.** | Rana Sana Ullah Khan | Member |
| **14.** | Ch. Mehmood Bashir Virk | Member |
| **15.** | Mr. Usman Ibrahim | Member |
| **16.** | Khawaja Saad Rafique | Member |
| **17.** | Mr. Qadir Khan Mandokhail | Member |
| **18.** | Syed Naveed Qamar | Member |
| **19.** | Ms. Nafisa Shah | Member |
| **20.** | Ms. Aliya Kamran | Member |
| **21.** | Barrister Dr. Muhammad Farogh Naseem | Member |
| | Minister for Law and Justice | Ex-officio Member |

**3.** The Committee Considered the Bill as introduced in the National Assembly Placed at **Annex-A,** in its meetings held on 15th July and 16th September 2021. The Committee made the following Amendments therein.-

**(1)** **<u>Clause 2</u>**

In Clause 2, for the expression, "thirty seven", the expression, "twenty nine", shall be substituted.

**(2)** **Clause 3**

Clause 3, shall be substituted with the following, namely: -

"3. **Amendment in Schedule of the Act No. XXXV of 1973: -** In the said Act, in the Schedule, in the title, KHYBER PAKHTUNKHWA BAR COUNCIL, after heading,

GROUP OF DISTRICTS-VI, following new heading, GROUP OF DISTRICTS-VII, shall be added namely;-

**"GROUP OF DISTRICTS-VII**

**Name of District:**

Khyber + Mohmand + Bajaur +...............................................01

Orakzai + Kurram + South Waziristan +

North Waziristan"

**4.** The Committee recommends that the Bill as reported by the Standing Committee placed at **Annex-B,** may be passed by the National Assembly.

**Sd/-**
**TAHIR HUSSAIN**
Secretary
Islamabad, the 27th September, 2021

**Sd/-**
**(RIAZ FATYANA)**
Chairman

ANNEX-"A"

[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

**A**

**Bill**

*further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 for the purposes hereinafter appearing:-

It is hereby enacted as follows:–

**1. Short title and commencement.**–(1) This Act may be called the Legal Practitioners and Bar Councils (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

**2. Amendment of section 5, Act XXXV of 1973.**- In the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973, in the said Act, in section 5,in sub-section(2), in paragraph (a),for the figures "twenty eight" appearing against Khyber Pakhtunkhwa Bar Council, the figures "thirty seven" shall be substituted.

**3. Amendment in Schedule of the Act No. XXXV of 1973:**- In this Act, in schedule, for the Khyber Pakhtunkhwa Bar Council and corresponding entries relating thereto the following shall be substituted, namely:-

**"KHYBER PAKHTUNKHEA BAR COUNCIL**

**GROUP OF DISTRICTS-I**

| Name of districts | Seats |
|---|---|
| (1) Peshawar | 08 |
| (2) Charsadda | 01 |
| (3) Nowshera | 01 |
| (4) Khyber | 01 |
| (5) Mohmand | 01 |
| (6) Bajawar | 01 |

**GROUP OF DISTRICTS-II**

| Name of districts | Seats |
|---|---|
| (1) Mardan | 03 |
| (2) Swabi | 01 |

**GROUP OF DISTRICTS-III**

| Name of districts | Seats |
|---|---|
| (1) Kohat+Hangu+Orakzai+Kurram | 03 |
| (2) Karak | 01 |

**GROUP OF DISTRICTS-IV**

| Name of districts | Seats |
|---|---|
| (1) D.I.Khan+Tank | 02 |
| (2) Bannu | 01 |
| (3) Lakki Marwat | 01 |
| (4) South Waziristan | 01 |
| (5) North Waziristan | 01 |

**GROUP OF DISTRICTS-V**

| Name of districts | Seats |
|---|---|
| (1) Haripur | 01 |
| (2) Abbottabad | 02 |
| (3) Mansehra+Batagram | 02 |

**GROUP OF DISTRICTS-VI**

| Name of districts | Seats |
|---|---|
| (1) Mingora | 01 |
| (2) Shangla+Alpuri+Kohistan | 01 |
| (3) Daggar+Buner+Malakand+Batkhela | 01 |
| (4) Timargara+Dir+Dir Bala | 01 |
| (5) Chitral | 01" |

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The Bar Councils are autonomous organization working under the Statutes/Rules for the benefits of lawyers community, who in return work for the upholding of the Constitution, Law and Rules. After the 25th Constitutional Amendment, the Tribal Areas/FR including seven agencies merged in Khyber Pakhtunkhwa and the laws of land were adopted for the running of government affairs. Before merging the judicial system in the erstwhile FATA was runned /administered by the Federal Government through its executive officer. After merging a dire need has arised for developing a legal community by giving them opportunities in Khyber Pakhtunkhwa Bar Council.

2. Most lawyers from those merged areas are enrolled and practicing profession in adjacent cities because they have no Bar to either enroll, practice or contest election, therefore it is the dire need to recognize the lawyer of erstwhile tribal areas by enhancing the Bar Council seats, as it does not correspond with the current population as well.

3. This Bill therefore, seeks to achieve the aforesaid objectives.

**Sd/-**

**MR. MOHSIN DAWAR**
Member, National Assembly

**ANNEX-B**

**[AS REPORTED BY THE STANDING COMMITTEE]**

**A**

**Bill**

*further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973*

**WHEREAS** it is expedient further to amend the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973 for the purposes hereinafter appearing: -

It is hereby enacted as follows: –

1. **Short title and commencement.** –(1) This Act may be called the Legal Practitioners and Bar Councils (Amendment) Act, 2021.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of section 5, Act XXXV of 1973.-** In the Legal Practitioners and Bar Councils Act, 1973, hereinafter referred as the said Act, in section 5, in sub-section (2), in paragraph (a), for the figures "twenty eight" appearing against Khyber Pakhtunkhwa Bar Council, the figures "twenty nine" shall be substituted.

**3. Amendment in Schedule of the Act No. XXXV of 1973: -** In the said Act, in the Schedule, in the title, KHYBER PAKHTUNKHWA BAR COUNCIL, after heading, GROUP OF DISTRICTS-VI, following new heading, GROUP OF DISTRICTS-VII, shall be added namely; -

**"GROUP OF DISTRICTS-VII**
**Name of District:**
Khyber + Mohmand + Bajaur +.............................................01
Orakzai + Kurram + South Waziristan +
North Waziristan"

**STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS**

The Bar Councils are autonomous organization working under the Statutes/Rules for the benefits of lawyers community, who in return work for the upholding of the Constitution, Law and Rules. After the 25th Constitutional Amendment, the Tribal Areas/FR including seven agencies merged in Khyber Pakhtunkhwa and the laws of land were adopted for the running of government affairs. Before merging the judicial system in the erstwhile FATA was runned /administered by the Federal Government through its executive officer. After merging a dire need has arised for developing a legal community by giving them opportunities in Khyber Pakhtunkhwa Bar Council.

2. Most lawyers from those merged areas are enrolled and practicing profession in adjacent cities because they have no Bar to either enroll, practice or contest election, therefore it is the dire need to recognize the lawyer of erstwhile tribal areas by enhancing the Bar Council seats, as it does not correspond with the current population as well.

3. This Bill therefore, seeks to achieve the aforesaid objectives.

**Sd/-**

**MR. MOHSIN DAWAR**
Member, National Assembly

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## وکلاء و بار کونسلز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف کی رپورٹ

میں، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قانون و انصاف ۲۶؍ جنوری، ۲۰۲۱ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ وکلاء و بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء (ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۱۹۷۳ء) میں مزید ترمیم کرنے کے بل [وکلاء و بار کونسلز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۱ء] (نجی رکن کا بل) پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتا ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | جناب ریاض فتیانہ | چیئرمین |
| ۲۔ | جناب عطاء اللہ | رکن |
| ۳۔ | جناب لال چند | رکن |
| ۴۔ | جناب محمد فاروق اعظم ملک | رکن |
| ۵۔ | محترمہ کشور زہرا | رکن |
| ۶۔ | محترمہ ملیکہ علی بخاری | رکن |
| ۷۔ | جناب محمد ثناء اللہ خان مستی خیل | رکن |
| ۸۔ | ملک محمد احسان اللہ ٹوانہ | رکن |
| ۹۔ | آغا حسن بلوچ | رکن |
| ۱۰۔ | جناب جنید اکبر | رکن |
| ۱۱۔ | محترمہ شنیلہ روت | رکن |
| ۱۲۔ | جناب محسن نواز رانجھا | رکن |
| ۱۳۔ | رانا ثناء اللہ خان | رکن |
| ۱۴۔ | چوہدری محمود بشیر ورک | رکن |
| ۱۵۔ | جناب عثمان ابراہیم | رکن |
| ۱۶۔ | خواجہ سعد رفیق | رکن |
| ۱۷۔ | جناب قادر خان مندوخیل | رکن |
| ۱۸۔ | سید نوید قمر | رکن |
| ۱۹۔ | ڈاکٹر نفیسہ شاہ | رکن |
| ۲۰۔ | محترمہ عالیہ کامران | رکن |
| ۲۱۔ | بیرسٹر ڈاکٹر محمد فروغ نسیم<br>وزیر برائے قانون و انصاف | رکن بلحاظ عہدہ |

۳۔ کمیٹی نے اپنے اجلاس منعقدہ ۱۵؍ جولائی اور ۱۶؍ ستمبر، ۲۰۲۱ء کو منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا۔ کمیٹی نے اس میں درج ذیل ترامیم تجویز کیں:

(i) شق ۲

شق ۲ میں، عبارت "سینتیس" کو عبارت "انیتس" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

(۲) شق ۳

شق ۳ کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"۳۔ **ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۱۹۷۳ء کے جدول میں ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، جدول میں، عنوان "خیبر پختونخوا بار کونسل" میں، شہ سرخی "اضلاع کا گروپ۔VI" کے بعد درج ذیل نئی شہ سرخی "اضلاع کا گروپ۔VII" کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"اضلاع کا گروپ ۔VII

ضلع کا نام:

خیبر + مہمند + باجوڑ + اورکزئی + کرم + جنوبی وزیرستان + شمالی وزیرستان" 01

۴۔ کمیٹی سفارش کرتی ہے کہ قومی اسمبلی منسلکہ۔ب پر موجود قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں بل کی منظوری دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری
اسلام آباد، ۲۷ر ستمبر، ۲۰۲۱ء

دستخط/۔
(ریاض فتیانہ)
چیئرمین

منسلکہ۔الف

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

**وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کی جائے؛
بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا وکلاء اور بار کونسلز (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۵ کی ترمیم:۔** وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں، مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، پیرا (الف) میں، خیبر پختونخوا بار کونسل کے بالمقابل لفظ "اٹھائیس" کو لفظ "سینتیس" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۱۹۷۳ء کے جدول میں ترمیم:۔** ایکٹ ہذا میں، جدول میں، خیبر پختونخوا بار کونسل اور اس سے متعلق مماثل اندراجات کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"خیبر پختونخوا بار کونسل

**اضلاع کا گروپ۔I**

| اضلاع کے نام | نشستیں |
|---|---|
| (۱) پشاور | ۸ |
| (۲) چارسدہ | ۱ |
| (۳) نوشہرہ | ۱ |
| (۴) خیبر | ۱ |
| (۵) مہمند | ۱ |
| (۶) باجوڑ | ۱ |

**اضلاع کا گروپ۔II**

| اضلاع کے نام | نشستیں |
|---|---|
| (۱) مردان | ۳ |
| (۲) صوابی | ۱ |

**اضلاع کا گروپ۔III**

| اضلاع کے نام | نشستیں |
|---|---|
| (۱) کوہاٹ + ہنگو + اورکزئی + کرم | ۳ |
| (۲) کرک | ۱ |

اضلاع کا گروپ۔IV

| اضلاع کے نام | نشستیں |
|---|---|
| (۱) ڈی آئی خان + ٹانک | ۲ |
| (۲) بنوں | ۱ |
| (۳) لکی مروت | ۱ |
| (۴) جنوبی وزیرستان | ۱ |
| (۵) شمالی وزیرستان | ۱ |

اضلاع کا گروپ۔V

| اضلاع کے نام | نشستیں |
|---|---|
| (۱) ہری پور | ۱ |
| (۲) ایبٹ آباد | ۲ |
| (۳) مانسہرہ + بٹگرام | ۲ |

اضلاع کا گروپ۔VI

| اضلاع کے نام | نشستیں |
|---|---|
| (۱) مینگورہ | ۱ |
| (۲) شانگلہ + الپوری + کوہستان | ۱ |
| (۳) ڈگر + بونیر + مالاکنڈ + بٹگرام | ۱ |
| (۴) تیمر گرہ + دیر + دیر بالا | ۱ |
| (۵) چترال | ۱ |

منسلکہ۔ب

[ قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں ]

**وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا**

**بل**

چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ بعد ازیں ظاہر ہونے والی اغراض کے لئے وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) ایکٹ ہذا وکلاء اور بار کونسلز (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۱۹۷۳ء، دفعہ ۵ کی ترمیم۔** وکلاء اور بار کونسلز ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں، جس کا بعد ازیں مذکورہ ایکٹ کے طور پر حوالہ دیا گیا ہے، میں، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں، پیرا (الف) میں، خیبر پختونخوا بار کونسل کے مقابل واقع لفظ "اٹھائیس" کو لفظ "انیتس" سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **ایکٹ نمبر ۳۵ بابت ۱۹۷۳ء کے جدول میں ترمیم۔** مذکورہ ایکٹ میں، جدول میں، عنوان " خیبر پختونخوا بار کونسل" میں، شہ سرخی "اضلاع کا گروپ۔VI " کے بعد درج ذیل نئی شہ سرخی "اضلاع کا گروپ۔VII" کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**"اضلاع کا گروپ۔VII**

**ضلع کا نام:**

خیبر + مہمند + باجوڑ + اور کزئی + کرم + جنوبی وزیرستان + شمالی وزیرستان"۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۱

**بیان اغراض و وجوہ**

بار کونسلز خود مختار ادارہ ہیں جو وکلاء برادری کے مفادات کے لئے قوانین موضوعہ ر قواعد کے تحت کام کرتی ہیں جو آگے دستور، قانون اور قواعد کی بالادستی کے لئے کام کرتے ہیں۔ دستور میں ۲۵ ویں ترمیم کے بعد، قبائلی علاقہ جات ر ایف آر بشمول سات ایجنسیوں کو خیبر پختونخوا میں ضم کر دیا گیا اور سرکاری امور کی انجام دہی کے لئے ملکی قوانین کو اختیار کیا گیا۔ سابقہ فاٹا میں عدالتی نظام کو ضم کرنے سے قبل، اس کا انتظام ر نظم و نسق وفاقی حکومت اپنے انتظامی افسر کے ذریعے کرتی تھی۔ انضمام کے بعد، ایک قانونی برادری تیار کئے جانے کی اشد ضرورت پیدا ہوئی اور اس کے لئے انہیں خیبر پختونخوا بار کونسل میں مواقع دیئے گئے۔

۲۔ ان ضم شدہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے بیشتر وکلاء متصل شہروں میں اندراج رکھتے ہیں اور اپنی پیشہ ورانہ خدمات انجام دے رہے ہیں کیونکہ ان کے پاس کوئی بار نہیں تھی جہاں ان کا اندراج ہوتا، پریکٹس کرتے یا انتخاب لڑ سکتے۔ لہٰذا سابقہ قبائلی علاقوں کے وکلاء کو بار کونسل میں نشستوں کی تعداد بڑھا کر تسلیم کئے جانے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ اس کی موجودہ آبادی کی تعداد سے بھی مطابقت نہیں ہے۔

۳۔ بل ہذا کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط ر۔

جناب محسن داوڑ

رکن، قومی اسمبلی

## بیان اغراض ووجوہ

بار کونسلز خود مختار ادارہ ہیں جو اپنی وکلاء برادری کے مفادات کے لئے قوانین موضوعہ / قواعد کے تحت کام کرتی ہیں جو اس کے عوض دستور، قانون اور قواعد کی بالادستی کے لئے کام کرتی ہیں۔ ۲۵ویں دستوری ترمیم کے بعد قبائلی علاقہ جات / ایف آر بشمول سات ایجنسیوں کو خیبر پختونخوا میں ضم کر دیا گیا اور سرکاری امور کی انجام دہی کے لئے ملکی قوانین کی منظوری دی گئی تھی۔ تاہم، سابقہ فاٹا میں عدالتی نظام کو ضم کرنے سے قبل اسے وفاقی حکومت کی جانب سے اپنے ایگزیکٹو آفیسر کے ذریعے چلایا / انتظام کیا جاتا تھا۔ انضمام کے بعد ایک لیگل کمیونٹی استوار کئے جانے اور اسے خیبر پختونخوا کی بار کونسل میں مواقع فراہم کرنے کی اشد ضروری پیدا ہوئی۔

۲۔ ان ضم شدہ علاقوں سے تعلق رکھنے والے بیشتر وکلاء کا اندراج کیا جاتا ہے اور متصل شہروں میں اپنی پیشہ ورانہ خدمات سرانجام دے رہے ہیں کیونکہ ان کے پاس کوئی بار نہیں تھی جہاں ان کا اندراج، پریکٹس یا انتخاب لڑ سکیں۔ لہٰذا سابقہ قبائلی علاقوں کے وکلاء کو بار کونسل میں نشستوں کی تعداد بڑھاتے ہوئے انہیں تسلیم کرنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ یہ آبادی سے بھی مطابقت نہیں رکھتی ہے۔

۳۔ بل ہذا کا مقصد مذکورہ بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط / ۔

جناب محسن داوڑ

رکن، قومی اسمبلی